جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ اس ہاؤس کا ایک ہی پوائنٹ کے اوپر جو سب کا اتفاق ہے، وہ یہ ہے کہ صحافی برادری کے جو Rights ہیں اور ان کا جتنا خیال رکھا جائے، وہ کم ہے، اس پوائنٹ کے اوپر پورا ہاؤس متفق ہے، اپوزیشن ہو یا گورنمنٹ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ جو واقعہ ہوا، جب مجھے پتہ چلا، میں خود صحافی بھائیوں کے پاس چلا گیا اور میں نے ان سے یہ کہا کہ جو آپ مناسب سمجھتے ہیں، آپ مجھے بتائیں تاکہ اسی طرح ہم آرڈرز کریں، آپ کے ذہن میں جو بات ہو کہ انکوائری ایسی ہونی چاہیئے، سزا ایسی ہونی چاہیئے، آپ بتا دیں؟ وہ بھی ہم نے کیا اور میں تین چار دفعہ ان کے پاس پریس کلب بھی چلا گیا، ان سے معذرت بھی کی، ان کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کیا، ان کی شکایات بھی Genuine تھیں۔ جہاں تک کہ اگر اس مریض کو Attention نہیں ملی تو جناب سپیکر! یہ فیصلہ گورنمنٹ اور اپوزیشن نہیں، یہ صحافی برادری کریں گے اور اگر وہ مجھے بتائیں گے کہ اس میں کوئی غفلت برتی گئی ہے تو میں ذمہ داری لیتا ہوں، ان کے Satisfaction کی، میں ان کے ساتھ کھڑا ہوں۔ (تالیاں) بجائے اس کے کہ گورنمنٹ کہے کہ جی ہم نے سب کچھ کیا اور اپوزیشن کہے کہ کچھ نہیں ہوا تو یہ فیصلہ صحافی برادری کو کرنے دیں اور میں ان کے سامنے اپنے آپ کو جوابدہ سمجھتا ہوں (تالیاں) ایک بات میں کرنا چاہتا ہوں اور میں نے یہ بات صحافی برادری کے ساتھ ڈسکس بھی کی ہے کہ ایک بندہ کسی ڈیوٹی کے اوپر، کوئی سپاہی یا کسی بندے کو ہم کھڑا کر دیں کہ وہ صحافیوں کا خیال رکھے، اب مجھے نہیں پتہ کہ اس کے ذہن میں کیا بات ہے؟ اگر وہ Individual capacity میں کوئی غلطی کرے گا تو گورنمنٹ کے اوپر اس وقت Responsibility آتی ہے کہ اگر وہ اس کے غلط کام کو Protect کرے، اگر گورنمنٹ Protect نہیں کرے گی۔ سی سی پی او اور آے آئی جی صاحب ایک گھنٹے کے اندر اس اسمبلی میں موجود تھے، ہمارے بھائی اپنے دوست کے پاس ہاسپٹل چلے گئے تھے، ایف آئی آر جس طرح کٹوائی گئی، انوسٹی گیشن جاری، اگر اس پراسیس سے بھی، اگر ایف آئی آر انوسٹی گیشن سے بھی ہمارے بھائی مطمئن نہیں ہیں تو میں ذمہ دار ہوں لیکن بجائے اس کے کہ ہم اس کے اوپر ڈیبیٹ کریں، یہ فیصلہ ہم ان کے اوپر چھوڑتے ہیں۔ میں Constantly ان کے ساتھ In touch ہوں، اگر وہ کہتے ہیں کہ ایف آئی آر ٹھیک

نہیں ہے تو بالکل ٹھیک نہیں ہے، انوسٹی گیشن ٹھیک نہیں ہے تو بالکل ٹھیک نہیں ہے، اگر علاج کا طریقہ کار صحیح نہیں ہے تو بالکل صحیح نہیں ہے، یہ ہم ان کے Discretion کے اوپر چھوڑتے ہیں۔ اس وقت سارا ہاؤس اس بات پر متفق ہے کہ آئندہ ایسا واقعہ بالکل بھی نہیں ہونا چاہیے اور میں جناب سپیکر صاحب! آپ سے بھی یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ چونکہ اسمبلی آپ کی Jurisdiction ہے تو یہاں پر سیکورٹی اور جو ہمارے صحافی حضرات آتے ہیں، ان کی چیکنگ کے حوالے سے بھی میری آپ سے یہ درخواست ہوگی کہ ان کی عزت نفس اور ان کا Honour maintain رہے، ان کے Caliber اور اس کے مطابق Treatment ملے، یہ میری آپ سے بھی درخواست ہے اور اس ہاؤس سے بھی میری یہ درخواست ہے کہ جو بھی صحافی برادری سمجھے کہ جس چیز کے اندر کمی ہے، گورنمنٹ اور میں اس کے ذمہ دار ہیں اور یہ فیصلہ ان پر چھوڑتے ہیں۔ میں نے اپنا فرض پورا کیا، میں جتنا گیا ہوں، آج بھی مجھے انہوں نے بلایا اور مجھے بڑی عزت دی، پریس کلب کے اندر ان کے بیٹھے، کچھ ہمارے گلے شکوے بھی ہوئے لیکن آخری بات میں یہ کہوں گا کہ یہ میں کئی دفعہ کہہ چکا ہوں، میڈیا آزاد نہ ہوتا تو آج پاکستان تحریک انصاف کی حکومت اس صوبے میں نہ ہوتی اس لئے کہ بہت سارے معاملات جو تاریکی میں ہوتے ہیں اور عام آدمی کو پتہ نہیں چلتا، اس کو Political decision لینے میں تکلیف ہوتی ہے، لہٰذا Awareness campaign کیلئے جو میڈیا کا Role ہے جو عام آدمی کو سیاسی طور پر اتنا باشعور بنانے میں جو میڈیا کا Role ہے، خاص کر پاکستان تحریک انصاف اور Coalition Government اس کی ممنون ہے اور میں پھر سے یہ بات دہرانا چاہتا ہوں کہ ان شاءاللہ آئندہ ایسا واقعہ نہیں ہوگا۔ چونکہ اسمبلی جناب سپیکر! آپ کی Jurisdiction ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ آپ خاص خیال ان کا رکھیں۔ ہماری طرف سے کوئی کوتاہی ہو، فیصلہ ہمارے بھائی کریں، ذمہ داری ہم لیتے ہیں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: محترمہ آپ سے پہلے پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھی ہیں تو اس لئے میں نے کہا کہ اس کو، آپ پھر اس کے بعد بات کرلیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: خیر جی، پہلے یہ بات کرلیں۔

جناب قائمقام سپیکر: جی مسٹر منور خان، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، یہاں پہ ہاسٹل میں جتنے بھی ایم پی ایز بیٹھے ہیں، ہاسٹلز والے ایم پی ایز، میں ان کی طرف سے آپ سے ایک ریکویسٹ کرونگا کہ ہمارے لئے ایک ہیلی کاپٹر کا بندوبست کریں تاکہ یہاں سے ہم اسمبلی سے جب ہم جائیں ہاسٹل میں، کیونکہ کل رات کو شاید آپ کے نالج میں بھی یہ بات ہو گی کہ ہمیں یہاں پر اتار دیا گیا، روڈ مکمل طور پر بلاک تھا اور ہم پیدل ہاسٹل گئے ہیں اور گاڑیوں کا پتہ نہیں چلا ہے کہ وہ کس راستے سے ہاسٹل آئی ہیں؟ تو خدا کیلئے کوئی ایسا سسٹم بنائیں تاکہ یہاں سے ہم جائیں اور ہاسٹل میں داخل ہونے تک By air ہم جائیں اور وہاں اپنے کمرے میں چلے جائیں۔ تھینک یو، سر۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، واقعی بہت زیادہ رش کی وجہ سے یہ مسئلہ بنا ہوا ہے اور ہمیں روزانہ اس سے دو چار ہونا پڑ رہا ہے، لہذا اس کا فوراً تدارک کیا جائے۔

جناب قائمقام سپیکر: جی میڈم محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ میری جب اس وقت آپ سے ریکویسٹ تھی تو مقصد یہ تھا کہ ہمارے معزز وزیر اطلاعات کے بولنے سے پہلے، جس طرح باقی تمام پارٹیز نے پریس گیلری میں وہاں کی رونق اور جتنی ہماری صحافی برادری ہے، ان کو واپس آنے پہ خوش آمدید میں بھی Formally قومی وطن پارٹی کی طرف سے کروں اور یہ ان کو باور کرادوں کہ وہ یعنی ممبر نہ ہونے کے باوجود اس ہاؤس کا بذات خود ایک بنیادی حصہ ہیں اور جبکہ تمام ممبران بھی موجود تھے، افسران بھی موجود تھے، مہمانان بھی موجود تھے لیکن صرف صحافیوں کے نہ ہونے کی وجہ سے یہ بہت سنسان اور ایک سونا ہاؤس لگ رہا تھا تو ہمیں خوشی ہے کہ ان کی واپسی ہوئی لیکن اس میں ہم کسی بحث میں نہیں جانا چاہتے لیکن ایک کوتاہی حکومت کی طرف سے یہ ہوئی کہ کمیٹی تو فی الفور بنی لیکن جو کمیٹی بنائی ہے، ابھی تک انہوں نے اس کا اجلاس نہیں کیا، آج بھی اسمبلی سیکرٹریٹ نے جناب وزیر اطلاعات کو یہ ایک چھٹی لکھی ہے کہ اس کا باقاعدہ Formal، کمیٹی جو اس

سلسلے میں Constitute ہوئی تھی، اس کا اجلاس بلایا جائے اور پھر اس میں جو 17 تاریخ کو واقعہ ہوا، افسوسناک واقعہ، اس کی تحقیقات کی جائیں تو اس کمیٹی سے پہلے ہی وزیر اطلاعات نے، ظاہر ہے حکومت کی طرف سے انہوں نے یہ Effort کی تاکہ اس کو وہ اپنے تیئں جو ہے وہ صحافی برادران سے حل کریں چونکہ بار آور ثابت ہوئی، ظاہر ہے آج پریس واپس آئی ہوئی ہے، صحافی لیکن اس کو اس Probe کرنے کو میں سمجھتی ہوں کہ بہت اہمیت دینی چاہیے۔ وہ کمیٹی بنائی ہے، اگر آپ سمجھتے ہیں جس طرح آج انہوں نے صحافیوں پہ سارا چھوڑ دیا ہے کہ وہ جس طرح فیصلہ کرتے ہیں تو اس کی Terms of reference میں یہ بات بھی شامل کر دی جائے کہ اس واقعے کی بھی مکمل تحقیقات، اور اس کے علاوہ صحافی کیلئے جو بھی اس کی طبّی سہولت یا جو کچھ ہے، وہ بھی اسی میں Decide ہو اور تیسرا سب سے بڑھ کر کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ممبران کے علاوہ پریس کے جو نمائندے ہیں، ان کو بھی Co-opt کرنا چاہیں تو وہ بھی کر لیں لیکن یہ بہت ضروری ہے کہ جو کمیٹی بنی تھی، اس کا اجلاس فی الفور ہو جانا چاہیے تھا۔ 17 تاریخ سے آج 21 تاریخ ہو گئی ہے، اس کا انہوں نے کوئی اجلاس نہیں بلایا تو یہ یہاں پہ ذرا Non seriousness نظر آتی ہے اور باقی جہاں تک ابھی یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے جناب سپیکر، تو اس سلسلے میں بھی دیکھ لیں کیونکہ ایم پی ایز کی بالکل ساتھ ہی جگہ ہے اور اگر ان کی آمد و رفت میں اتنے مسائل ہونگے تو پھر وہ روزانہ کی بنیاد پہ اجلاس میں ان کی شرکت جو ہے، اس میں خلل پڑے گا تو اس کی بھی میں سپورٹ کرونگی جو منور خان صاحب نے یہ پوائنٹ آؤٹ کیا اور نگہت بی بی نے سپورٹ کیا۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ میڈم۔ نماز کا وقفہ کر لیتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب قائمقام سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب قائمقام سپیکر: مفتی جانان صاحب! خبرہ وکړئ جی۔

مفتی سید جانان: ستاسو مشکور یم جی د وخت راکولو۔ زه جی یو گزارش کوم، دا مونږ ته هسې وقفه کیږی او د ټولو ملګرو مونځونه خراب شی، لس منټه که ئے وروستو کوؤ نو بنه به وی جی۔ دا چې لس منټه تقریباً، پینځه منټه د پاسه یا لس منټه د پاسه باندې ئے کوؤ، دا ټول کسان به جمعې ته ځی او دا ټول به جمعې سره

مونځ کوی، د ټولو ملګرو مونځونه به خراب شی۔ بس دا ګزارش مې تاسو ته کولو۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ کوئسچن نمبر866، محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ۔

* 866 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کوہاٹ میں میونسپل کمیٹی کے ذریعے مختلف پلازے BOT کی بنیاد پر تعمیر کئے جا رہے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) BOT کے ذریعے بنائے جانے والے پلازے کون کونسے ہیں، ان کی تفصیلات مہیا کی جائیں؛

(ii) آیا ان میں سے کوئی پلازہ مکمل ہو کر آمدن دے رہا ہے، اس کی تفصیلات اور آمدن بتائی جائے اور معاہدے کی تفصیلات بھی مہیا کی جائیں؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) BOT کے ذریعے بنائے جانے والے پلازہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) کوتل شاپنگ آرکیڈ، واقع پرانا جیل کوہاٹ (زیر تعمیر)۔

(2) نیو فروٹ/سبزی منڈی۔II، واقع نیو بس سٹینڈ کوہاٹ (زیر تعمیر)۔

(3) جناح پلازہ BOT کی بنیاد پر 2010 میں مکمل ہو چکا ہے۔

(ii) درج بالا BOT Projects میں سے جناح پلازہ کی تعمیر 2010 میں مکمل ہو چکی ہے۔ معاہدے کے مطابق جناح پلازہ کے کرایہ کی مد میں 50% آمدن ٹھیکیدار وصول کر رہا ہے جبکہ 50% آمدن کا حصہ میونسپل کمیٹی کوہاٹ کا بنتا ہے جو کہ مبلغ -/93,035 روپے ماہانہ ہے اور موجودہ معاہدے کی معیاد برائے 33 سال ہے جو کہ از 2006 تا 2039 ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میرا کوئسچن جو ہے، وہ میونسپل کمیٹی BOT کی بنیاد پر تعمیر کئے جانے والے پلازوں کے بارے میں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ جو انہوں نے جواب دیا ہے، BOT کے ذریعے بنائے جانے والے پلازہ جات کی تفصیل بتائی گئی ہے تو اس میں سب سے پہلے جو بتایا گیا ہے، وہ BOT کی بنیاد پر تعمیر کئے گئے کوتل شاپنگ پلازہ کے بارے میں جو

کہ پرانا جیل کوہاٹ کا زیر تعمیر بتایا گیا ہے، اس کے فرسٹ فلور میں جو دکانیں ہیں، وہ تقریباً 20/20، 25/25 لاکھ پر فروخت ہو چکی ہیں اور اس کا معاہدہ تقریباً 2004 میں عابد برادرز کے نام سے ہوا اور لوگوں سے کروڑوں روپے وصول کر کے اس کو ناکام اور نامکمل چھوڑا گیا۔ اس کا تعمیراتی وقت کب کا ختم ہو چکا ہے اور اس کو دوبارہ بڑھا دیا جاتا ہے، تعمیراتی کام کیلئے ڈی ایم اے پر یمیئر ادا کر رہا ہے جو کہ تعمیراتی کام کے مطابق ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہے۔ یہ پلازہ ناکامی کے باعث تجاوزات اور گندگی کا ڈھیر بن گیا ہے اور لوگوں کا حکومتی پراجیکٹ سے اعتبار اٹھ گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اسی کوئسچن کے نمبر (ii) جز میں ہے کہ یہ نیو فروٹ منڈی۔۔۔۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: میڈم! بہتر یہی ہوگا، اپنا سپلیمنٹری کوئسچن آپ کا کیا ہے، وہ بتائیں ذرا؟

<u>محترمہ نجمہ شاہین</u>: یہ جو BOT کے ذریعے پلازے بنائے گئے ہیں، ان کے بارے میں کوئسچن کیا گیا ہے نا۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی۔

<u>محترمہ نجمہ شاہین</u>: تو انہوں نے جو بتایا تو اس میں انہوں نے یہی کہا ہے کہ یہ زیر تعمیر ہے، یہ جو کوتل پلازہ ہے، انہوں نے زیر تعمیر بتایا ہے جو کہ اس کے فرسٹ فلور پر جو دکانیں ہیں تو وہ 20/20، 25/25 لاکھ میں فروخت ہو چکی ہیں اور ان کا جو کنٹرول ہے، ان کا کروڑوں روپیہ جو ہے وہ وصول کر کے اور اسے نامکمل چھوڑا گیا ہے۔

<u>ایک رکن</u>: کام شروع ہے۔

<u>محترمہ نجمہ شاہین</u>: نہیں، کام اس میں شروع نہیں ہوا نا، کام اس میں نامکمل ہے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نجمہ شاہین</u>: یہ کام انہوں نے نامکمل چھوڑ دیا ہے بلکہ اس کی مدت کو پھر دوبارہ بڑھا دیا جاتا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: ٹھیک ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: تو اس کا مطلب ہے، ان کا معاہدہ جو ہوا ہے، اس کے مطابق ان کی طرف سے مکمل ہو چکا ہے لیکن یہ ابھی تک مکمل نہیں ہے، اس کو پھر دوبارہ بڑھا دیا گیا ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: مسٹر عنایت خان، پلیز آپ میڈم کو Satisfy کر سکتے ہیں۔

وزیر بلدیات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں ادھر بھی توجہ رکھ رہا تھا، ایم پی ایز صاحبان میری سیٹ پہ آ رہے تھے لیکن میں ان کو بھی سننے کی کوشش کر رہا تھا۔ آپ نے ان سے کہا کہ سپلیمنٹری کو کسچن کریں، میں نہیں سمجھ سکا۔ جو پہلے نمبر پہ ہے، اس کے بارے میں انہوں نے بتا دیا ہے کہ جو ہمارا جواب ہے 'زیر تعمیر' کا، اس سے انہوں نے اختلاف کر لیا کہ زیر تعمیر نہیں ہے اور اس کا جو فرسٹ فلور ہے، وہ Already دیا جا چکا ہے۔ ظاہر ہے جو ہماری انفارمیشن ہے اور ان کی انفارمیشن ہے، اس میں اختلاف آ رہا ہے۔ میرے خیال میں یہ جو BOT basis پر پلازے بنے ہیں، یہ ویسے ہمارے دور میں نہیں بنے ہیں، ہم سے پچھلے دور میں یہ ہوئے ہیں اور میں یہ Claim نہیں کرتا کہ اس میں کوئی مطلب زیادتی یا کہ وہ سارا پراسیس Transparent طریقے سے چلا ہو لیکن مجھے جو جواب ڈیپارٹمنٹ سے ملا ہے، ظاہر ہے میں تو وہی اسی پہ وہ کرونگا، اگر اس جواب پہ ان کو شک ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پر Further ان کے ساتھ بیٹھ کر بات کی جا سکتی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: صحیح ہے۔

وزیر بلدیات: ویسے میں خود کل جا رہا ہوں کوہاٹ، تو میں Specially یہ سوچ رہا تھا کہ میں Specially اس کے حوالے سے Further خود بھی معلومات اکٹھی کرونگا اور میڈم بھی اگر مجھے Assist کرنا چاہتی ہیں، ان کے ساتھ انفارمیشن ہیں تو میرے ساتھ شیئر کریں اور اس جواب کے اندر اگر کوئی غلط بیانی کی گئی ہے تو اس کے حوالے سے ان شاءاللہ ہم کارروائی کریں گے۔

جناب قائمقام سپیکر: ٹھیک ہے میڈم۔ بہتر تو یہی ہے، کل سر جا رہے ہیں وہاں پہ کوہاٹ، تو وہاں پہ ہو کے میرے خیال میں آپ کے سامنے بات ہو جائے تو بہتر ہو گا۔ میں خود بھی کوشش کرونگا کہ موجود رہوں۔ جی میڈم انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ میری Colleague اور معزز بہن نے جو یہ سوال کیا ہے، یہ بہت اہمیت کا سوال ہے۔ مجھے عنایت اللہ خان صاحب کی جو Potentials ہیں، ان کی Capability ہے، اس میں بالکل شک نہیں ہے لیکن میرا ان سے سوال ہے کہ وہ ایک دو دفعہ پہلے بھی یہ کہہ چکے ہیں کہ کیا یہ سوال وجواب ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آیا ہے، ان کا خود بھی اس میں تھوڑا سا شک، تو میں ان سے یہ سوال کرتی ہوں کہ یہ فرض منسٹر کا نہیں ہے کہ وہ جواب کو Approval دیں اور جب تک کہ وہ مطمئن نہ ہوں، وہ کس طریقے سے ہاؤس میں سوال کا جواب دیتے ہیں؟ اگر وہ خود مطمئن نہیں یا ان کے دل میں اگر ذرا بھی شک ہے تو ان کو یہاں جواب بھیجنے سے پہلے اس کی انوسٹی گیشن کرنی چاہیے بجائے اس کے کہ ہاؤس کو یہ اس طرح کا جواب دیں۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ میڈم۔ جی مسٹر عنایت اللہ خان۔

وزیر بلدیات: میں ہر سوال کو چیک کرتا ہوں اور جو ہمارے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ہیں، ان کو انسٹرکشنز ہیں کہ کوشش کریں کہ جس ایم پی اے کی طرف سے سوال آیا ہو، ان کو ٹیلی فون بھی کریں۔ میں معذرت کرتا ہوں کہ میں ان کے ساتھ نہیں ملا، ان سے میں نے گفتگو نہیں کی ہے لیکن میں کوشش کرتا ہوں کہ جو سوال آتا ہے، جس ایم پی اے کی طرف سے آتا ہے، میں ان سے خود ملوں اور ان سے ڈسکس بھی کروں اور ان کو میں فلور آف دی ہاؤس پہ مطمئن کر سکتا ہوں تو میں یہ کوشش کرتا ہوں اور میں ہر سوال کو خود پڑھتا ہوں اور یہ اس سوال کے اوپر میرے Approved کے الفاظ بھی ہیں، ظاہر ہے مجھے یہ انفارمیشن دی گئی ہیں، بادی النظر یہ انفارمیشن ٹھیک ہیں، میڈم نے ان انفارمیشن کو کوئسچن کیا ہے تو میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ جب انہوں نے کوئسچن کیا ہے تو I will investigate کہ آپ کا جو سوال ہے، اگر وہ ٹھیک ہے تو میں بالکل آپ کے ساتھ Agree کرونگا، اس پر ایکشن لیں گے سر۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، کوئسچن نمبر 861۔

* 861 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مواصلات وتعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کی رہائش کیلئے مختلف کالونیاں تعمیر کی گئی ہیں جن کی دیکھ بھال کیلئے عملہ تعینات کیا گیا ہے؛

(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں تو:

(i) گلشن رحمان کالونی، سول کوارٹرز، سول کالونی، ورسک کالونی اور ڈبگری گارڈن میں کتنا عملہ تعینات کیا گیا ہے، تمام کی تفصیل ترتیب وار فراہم کی جائے؛

(ii) گلشن رحمان کالونی میں صفائی کا نظام بہت ناقص ہے، کئی کئی ماہ تک گندگی کے ڈھیر اور کچرا پڑا رہتا ہے، آیا حکومت ان کالونیوں کی صفائی کا نظام بہتر بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) تفصیل درج ذیل ہے:

List of PBMC Staff working in Civil Colony Warsak Road, Civil Quarters Kohat Road, Gulshan Rehman Colony and Dabgari Gate Garden Bungalows.

CIVIL COLONY WARSAK ROAD

S.No	Name	Designation
01	Adil Riaz	Pump Operator
02	Noor-ul-Hadi	Electrician
03	Irfan Shehzad	Pump Operator
04	Khalid Zaman	Pump Operator
05	Jalal-ud-din	Chowkidar
06	Rahimdad	Pipe Fitter
07	Tahir Gul	Carpenter
08	Sher Baz	Sweeper
09	Imran Khan	Pump Operator
10	Amir Nawaz	Mali

CIVIL QUARTERS KOHAT ROAD PESHAWAR

S.No	Name	Designation
01	Ghufran Khan	Supd: E&M
02	Hayat Khan	Electrician
03	Akhoonzada	Pipe Fitter
04	Abdul Basit	Carpenter
05	Fida Muhammad	Electrician
06	Fayaz Khan	Pipe Fitter
07	Sheryar	Pipe Fitter

08	Rab Nawaz	Electrician
09	Saqib Khan	Cooli
10	Adil Khan	Mali
11	Arshad Khan	Chowkidar
12	Muhammad Adil	Head Chowkidar
13	Mushfiq-ur-Rehman	Pump Operator
14	Awais Khan	Pump Operator
15	Sohail Haidar	Pump Operator
16	Javed Iqbal	Pump Operator
17	Noor Muhammad	Cooli 01-07-2013 Retired
18	Samiullah	Cooli
19	Waseem Raza	Helper
20	Fazal Hadi	Pipe Fitter
21	Liaqat (Masih)	Sweeper
22	Marish (Masih)	Sweeper
23	Nasir(Masih)	Sweeper

GULSHAN REHMAN COLONY

S.No	Name	Designation
01	Shams-ur-Rehman	Artificer
02	Ilyas Khan	Carpenter
03	Momin Khan	Pipe Fitter
04	Rizwanullah	Pipe Fitter
05	Ibadat Shah	Pipe Fitter
06	Muhammad Rafiq	Pump Operator
07	Hazrat Gul Khan	Pump Operator
08	Noor Khan	Pump Operator
09	Israr-ud-din	Electrician
10	Fazal Wahid	Painter
11	Haidar Shah	Electrician
12	Qari Noor-ul-Haq	Pesh Imam
13	Waheed Masih	Sweeper
14	Adnan	Cooli

DABGRI GATE GARDEN BUNGALOWS

S.No	Name	Designation
01	Hanif	Mali

(ii) گلشن رحمان کالونی 264 مختلف سائز کے رہائشی فلیٹس پر مشتمل ہے۔اس وقت کالونی میں صرف ایک سویپر ساری کالونی میں کام کرتا ہے البتہ محکمہ اپنے توسط سے گندگی ٹھیکیدار کے ذریعے اٹھاتا ہے لیکن مستقل حل کیلئے محکمہ انتظامیہ کو بذریعہ چٹھی No.7423/9-E مورخہ 06-12-2013 درخواست کی گئی ہے کہ میونسپل کارپوریشن پشاور کو ہدایت جاری کی جائے کہ سرکاری کالونیوں کیلئے صفائی کا بندوبست کرے۔

(اس سلسلے میں ایگزیکٹیو انجینئر پی بی ایم سی، سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ پشاور کی دستخط شدہ مذکورہ بالا چٹھی ملاحظہ کی گئی)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں نے اس کوئسچن میں پوچھا ہے کہ " گلشن رحمان کالونی، سول کوارٹرز، سول کالونی، ورسک کالونی اور ڈبگری گارڈن میں کتنا عملہ تعینات ہے؟" تو مجھے جو عملے کی تفصیل بتائی گئی ہے سوال میں، جناب سپیکر صاحب! میں صرف گلشن رحمان کالونی کی بات کرتا ہوں، وہاں پر 264 جو انہوں نے جواب دیا ہے، انکے جواب کے مطابق مختلف سائز کے رہائشی فلیٹس ہیں اور ان رہائشی فلیٹس کیلئے صرف ایک چوکیدار ہے جناب سپیکر، وہاں پر چوریاں بھی ہوتی ہیں اور ایک چوکیدار ہونے کی وجہ سے وہاں گھروں کا صحیح طریقے سے تحفظ نہیں ہو سکتا اور آئے روز وہاں پر چوریاں ہوتی ہیں اور دوسری بات میں نے وہاں کی گندگی کے حوالے سے کی ہے کہ اس کی گٹر لائنیں ساری ان کالونیوں کے اندر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور صفائی کا کوئی معقول بندوبست نہیں ہے جس سے وہاں پر طرح طرح کی بیماریاں پھیل بھی رہی ہیں اور پھیلنے کا بھی خدشہ ہے، تو مجھے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ ایک سویپر ساری کالونی میں کام کرتا ہے جی، اتنی بڑی کالونی میں صرف ایک سویپر کام کرتا ہے اور وہ اپنے توسط سے گندگی ٹھیکیدار کے ذریعے اٹھاتا ہے تو جناب سپیکر صاحب، میں محکمے سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ اپنے توسط سے محکمے سے گندگی وہ ٹھیکیدار سے اٹھواتا ہے، گزشتہ چھ مہینوں سے جو گندگی کے انبار وہاں پر لگے ہوئے ہیں، وہ اس نے کیوں نہیں اٹھائے؟ میں سال کا اس لئے نہیں کہتا کہ منسٹر صاحب کہیں گے کہ یہ تو ہم سے پہلے کی بات ہے، چھ مہینے سے جو گندگی کے ڈھیر ہیں، وہ اب تک کیوں نہیں اٹھائے گئے ہیں؟ اور ساتھ جواب میں لکھتے ہیں کہ " محکمہ انتظامیہ کو بذریعہ چٹھی نمبر فلاں فلاں درخواست کی گئی ہے کہ میونسپل کارپوریشن پشاور کو ہدایت کی جائے کہ سرکاری کالونیوں کیلئے صفائی کا بندوبست کرے"۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ پوچھنا

چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے کہ یہ کالونیاں کس محکمے کے زیر انتظام ہیں، اگر وہ محکمہ انکی ذمہ داری نہیں اٹھاتا تو پھر یہ محکمہ انتظامیہ کس طرح اس کی ذمہ داری اٹھائے گا؟ تو یہ بالکل زیادتی ہے، میں سپیکر صاحب! آپ سے ریکویسٹ کرونگا کہ میرا یہ کوئسچن کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ وہاں پر جو رہائشی ہیں، جو بیچارے غریب ملازمین ہیں تو ان کو بھی وہ Facilities ملنی چاہئیں اور کوئی تھوڑا بہت خرچے کی بات ہے، اگر یہ لکھ دیتے کہ ہمیں اس کے اوپر جو اس کی Repairing ہے گٹر لائینوں کی اور صفائی کا جو بندوبست ہے، وہ ہمیں جلد از جلد یا کوئی ٹائم دیدیتے تو میں مطمئن ہو جاتا اور اس میں انہوں نے کہا ہے، اپنی ذمہ داری اٹھا کر محکمہ انتظامیہ کے اوپر ڈال دی ہے کہ وہ لوکل کونسل کو کہیں گے، تاکہ وہ بندوبست کریں تو یہ میرا کوئسچن ہے، میں ریکویسٹ کرونگا کہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ جناب سپیکر، Answer میں کہا گیا ہے کہ گلشن رحمان کالونی میں 264 رہائشی فلیٹس ہیں۔ 264 رہائشی فلیٹس کیلئے جناب سپیکر، جب یہ یہاں پوسٹوں کا ذکر کرتے ہیں تو اس میں چوکیدار Mention نہیں ہے، ان کیلئے سیکورٹی کا کوئی سسٹم نہیں ہے اور یہاں تین پمپ آپریٹرز لکھے ہیں جس میں ایک ڈیوٹی پر ہوتا ہے، وہ بھی کبھی ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا اور 264 فلیٹس کی گندگی کو اٹھانے کیلئے ایک سویپر ہے، وہ اپنے توسط سے جناب سپیکر، ایک بندہ کیا اٹھائے گا؟ اس کے پاس کونسی ایسی لوڈ کرنے والی گاڑی ہے جس میں وہ گند اٹھا کے لیکر جائیگا؟ جناب سپیکر، یہ کوئسچن آپ ضرور ریفر کریں کمیٹی کو کیونکہ اس کالونی کے نام پر Repair کیلئے لاکھوں روپے کا فنڈ نکلتا ہے خزانے سے اور جو وہاں لگتا ہی نہیں ہے۔ آپ کبھی اس جگہ کا وزٹ کریں، آپ کو یقین بھی نہیں آئیگا کہ یہاں کس کس رینک کے آفیسرز رہ رہے ہیں، یقیناً وہ کلاس فور کے رہنے کی جگہ بھی نہیں رہی اب، اور فنڈ ہے کہ ہر سال لاکھوں روپے اس کیلئے مختص کئے جاتے ہیں، ضرور اس کوئسچن کو کمیٹی کو ریفر کریں۔ تھینک یو سر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی مسٹر عارف یوسف، پلیز۔

جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو): شکریہ جناب سپیکر۔ گزارش یہ ہے کہ یہ جو سوال پوچھا گیا ہے، اس میں بڑی ڈیٹیل لکھی گئی ہے کہ " آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کیلئے مختلف کالونیاں تعمیر کی گئی ہیں جن کی دیکھ بھال کیلئے عملہ بھی تعینات کیا گیا ہے؟"، "جی ہاں" اس کا جواب ہے۔ دوسرا گلشن رحمان کی انہوں نے ڈیٹیلز پوچھی ہیں اور تیسرے میں جو دو نمبر جز ہے، گندگی کے بارے میں بات کی آپ نے، اورنگزیب صاحب نے، ان سے گزارش یہ ہے کہ اوپر یہ کہہ رہے ہیں، وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں، تو گزارش یہ ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو کا جو یہ ڈیپارٹمنٹ ہے، یہ صرف Maintenance اور Repair کیلئے ہے جی، یہ ایک سویپر کی بات کر رہے ہیں کہ وہاں پر ایک سویپر ہے تو یہ سوال ہم سے Relate ہی نہیں کرتا، یہ سوال ہونا چاہیئے تھا ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سے، ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سے آپ باقاعدہ اس کا سوال کریں اور اس کا اگرچہ وہ لوگ ہمیں اور دینگے، میڈم نے بھی جیسے کہا تو وہ ایڈمنسٹریشن والے دینگے تو جتنے ہم لوگوں کو انہوں نے Available کئے ہوئے ہیں، سی اینڈ ڈبلیو کو Maintenance کیلئے، وہی لوگ ہمارے پاس ہیں اور اگر آپ ایڈمنسٹریشن سے اپنا سوال اس طریقے سے کریں تو۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: جی سردار صاحب! میرے خیال میں یہ بات تو ٹھیک کر رہے ہیں، آپ فریش کوسچن کر لیں۔ (مداخلت) جی جی، ایڈمنسٹریشن۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! بالکل جس طرح منسٹر صاحب نے کہا ہے، میں مانتا ہوں، بات اسی طرح ہے اور میں نے کوسچن بھی اسی طرح کیا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، یہ اوپر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں، تو پھر یہ لکھ دیتے، میرے کوسچن کے آگے یہ لکھ دیتے کہ یہ سوال غلط ہو گیا ہے، ہم اس کا جواب دینے کے مجاز نہیں ہیں، یہ دوسرا محکمہ اس کا جواب دیگا۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، یہ تو ٹال مٹول والی بات ہے، میرا اس میں کوئی ذاتی مسئلہ نہیں ہے، یہ وہاں پر سینکڑوں جو ملازمین رہ رہے ہیں اور گریڈ 20 اور 18 کے لوگ رہ رہے ہیں تو ان کے ساتھ یہ کتنی بڑی زیادتی ہے کہ ایک محکمہ ٹال کر دوسرے کے اوپر ڈال دے۔

جناب قائمقام سپیکر: یہ سیکنڈ پیج آپ دیکھیں جی، میرے خیال میں ایک List annexed کی ہے انہوں نے، آپ ذرا چیک کریں۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! اتنا پیسہ، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے کہ اگر یہ آپ کا سوال نہیں ہے تو کیوں خرچ کیا گیا ہے، اتنا ٹائم کیوں ضائع کیا گیا ہے؟ یہ اگر جس محکمے کا سوال تھا، اس نے مجھے کیوں جواب نہیں دیا، جواب اس کی طرف سے کیوں نہیں آیا؟

جناب قائمقام سپیکر: میڈم عظمیٰ خان کو بھی سن لیتے ہیں۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! عارف یوسف صاحب کہہ رہے ہیں کہ اس محکمے کا کام یہ نہیں ہے، گندگی یا سویپر، پھر یہاں پوسٹ کیوں دی گئی ہے سویپر کی؟ جناب سپیکر، یہ لوگ سویپر کی Post mention کریں تو سویپر کیا کریگا، گند نہیں اٹھائے گا، صفائی نہیں کریگا جناب سپیکر؟ ایڈمنسٹریشن کا اگر یہ کام ہے تو پھر آپ اسے ایڈمنسٹریشن کمیٹی میں ریفر کردیں۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب عارف یوسف صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: گزارش یہ ہے کہ اورنگزیب صاحب میرے سینیئر بھی ہیں لیکن ان کو میں نے آسان الفاظ میں سمجھایا کہ ہمیں جو لوگ ملیں گے، انہی سے ہم نے کام لینا ہوگا جو آپ نے ہم سے پوچھا ہے، ہم نے اس کا صرف آپ کو جواب دیا ہے اور چونکہ ہم سے یہ سوال Relate ہی نہیں کرتا، یہ ایڈمنسٹریشن نے جتنے لوگ ہمیں دیئے ہیں، اسکی ڈیٹیل ہم نے آپ لوگوں کو دیدی ہے۔ اگر آپ دوبارہ سوال Put کریں اور ایڈمنسٹریشن سے کہیں، میں اس پر اتفاق بھی کرتا ہوں جو آپ نے گندگی کا کہا ہے، اس سے میں اتفاق کرتا ہوں۔ وہاں پر گلشن رحمان کالونی میں یا سول کوارٹرز میں زیادہ تر آپ کے ایمپلائز وہاں پر رہتے ہیں، میں خود وہاں پر، میرا حلقہ ہے، میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں کہ صفائی کا انتظام نہیں ہے، یہ آپ لوگوں کے ساتھ بالکل اتفاق ہے میرا، لیکن یہ ہے کہ یہ جب، ہمارے پاس جو ایمپلائز ہیں وہ ہمیں، اس میں فنانس کو جائینگے یا ایڈمنسٹریشن کو جائینگے، میں نے خود اس سے ریکویسٹ کی ہوئی بھی ہے کہ ہمیں آپ یہ دیں اور یہ کم ہیں، اس لئے کہ سول کوارٹرز میں وہاں پر تین لوگ دیئے ہوئے ہیں، وہ بھی کم ہیں، میں مانتا ہوں اس بات کو اور جو گلشن رحمان کالونی میں ہیں، وہاں پر بھی کم ہیں، اس میں آپ اسٹیٹ آفس کو بھی اگر

Involve کریں، اس لئے کہ وہاں پر تجاوزات بھی کافی ہیں تو میری یہ گزارش ہے آپ سے کہ اس کو Re-question کرکے، ہم نے اس کو لیٹر بھی کیا ہوا ہے اور آپ کے 'تھرو' بھی ہوگا تو وہ جواب Proper آجائیگا اور اسمبلی میں آپ لوگوں کو پیش کرینگے۔ جی شکریہ۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی مفتی سید جانان، پلیز۔

مفتی سید جانان: منسٹر صاحب بنه خبره وکړه خو زه جي یو گزارش کوم۔ مونږه خو اکثر سوالونه دلته کښېني راواستوؤ، د دې سوالونو تصحیح کیږی بیا، مونږه خو په پېښه باندې ولیکو، دلته راشی، دا لاندې د اسمبلئ سیکشن کښې د هغې تصحیح وشی، د هغې نه بعد بیا محکمو ته لاړ شی۔ دا خو پکار دا ده چې که د دې محکمې سوال نه وی، دا دومره د اسمبلئ عمله ناسته ده، پکار دا ده چې بیا هغوی تصحیح کړے وے کنه؟ دا منسټر صاحب سره Related سوال دے او که نه وی بیا دا د اسمبلئ د ماتحتو خلقو چې دا چا دا سوال جوړ کړے دے او محکمو ته ئے استولے دے، دا د هغوی غلطی ده جی۔

جناب قائمقام سپیکر: سوال خو زه وایم چې بالکل ٹھیک دے مفتی صاحب۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: منسٹر صاحب ته خو جی بیا ځان خلاصول نه دی پکار کنه، بیا منسٹر صاحب ته جواب ورکول پکار دی، دا اوس ولې خلق Confuse کوی خپل مینځ کښې؟

جناب قائمقام سپیکر: منسٹر! آپ اس طرح کریں کہ ان کے ساتھ ذرا بیٹھ کر یہ معاملہ ذرا۔۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: جناب سپیکر صاحب، میں خود بھی حیران ہوں کہ انہوں نے کیوں اس طریقے سے لکھا ہے، وزیر مواصلات اور نیچے پوچھ رہے ہیں صفائی کا، مجھے خود اس کی حیرت ہو رہی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: تھوڑا سا کوسچن بھی، سردار صاحب نے بڑا ٹیکنکل کوسچن کیا ہے، اس میں Technicality ہے۔ (قہقہہ) بالکل میں کہہ رہا ہوں، میرے سینیئر ہیں، میرے بڑے ہیں، اگر یہ چاہیں تو اس کے بعد آپ سے۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں تو بیٹھ گیا تھا کہ عارف صاحب بار بار ریکویسٹ کر رہے ہیں اور میں دوبارہ سوال لے آؤنگا لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں، جب ہم کوئی سوال کوئی ممبر جمع کرواتا ہے تو پھر ہماری قرارداد کے اوپر یہ لکھ کر واپس کی جاتی ہے کہ یہ فلاں آرٹیکل کے تحت یہ اس طرح ہے اور یہ سوال کے بارے میں مجھے کیوں نہیں لکھ کر بھیجا گیا کہ یہ تو محکمہ انتظامیہ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے، مواصلات کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا؟ یہ سر، میرا آپ سے سوال ہے، آپ کا سیکرٹریٹ اگر اس طرح غفلت کریگا تو ہمارا یہ ٹائم بھی ضائع ہوگا اور جو جتنا بڑا، میں سمجھتا ہوں کہ سوال کے اوپر خرچہ ہوا ہے، ٹائم ضائع ہوا ہے تو یہ سپیکر صاحب! پھر آپ خود ہی فیصلہ کر لیں، خود ہی فیصلہ کر لیں۔

جناب قائمقام سپیکر: یہ Technically میرے خیال میں تھوڑا مسئلہ ہوا ہے، Technicality پر نہیں جائینگے۔ عارف صاحب! آپ کیا چاہتے ہیں؟

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: یہ چاہتے ہیں تو ان سے، خیر ہے بلا لیں گے، ہمارے عنایت صاحب بھی موجود ہیں، ان سے بیٹھ کر بات کر لیتے ہیں اس بارے میں۔

جناب قائمقام سپیکر: تھینک یو جی، تھینک یو جی۔ سید جعفر شاہ، کوئسچن نمبر 862۔

* 862 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے دوسرے اضلاع کی طرح ضلع سوات کو بھی سڑکوں کی مرمت کیلئے سالانہ فنڈ مختص کیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع سوات کیلئے 14-2013 کے دوران اس مد میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا اور یہ فنڈ کس بنیاد اور کن شرائط پر خرچ کیا جاتا ہے؛

(ii) PK-85 میں سیلاب سے تباہ شدہ سڑکوں کی مرمت کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا، آیا سیلاب سے سب سے زیادہ متاثرہ سڑک اتروڑ اور بشیگرام سڑک کا منصوبہ اس میں شامل کیا گیا ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (جواب پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے پڑھا): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ صوبے کے دوسرے اضلاع کی طرح ضلع سوات کیلئے بھی سالانہ فنڈ (AOM&R) مختص کیا جاتا ہے۔

(ب) (i) ضلع سوات کیلئے 14-2013 کے دوران سالانہ معمولی مرمت AOM&R (Annual Ordinary Maintenance & Repair) کی مد میں 22 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اس میں سے نصف فنڈ یعنی 11 ملین برف گلیشئر اور پہاڑی تودوں کے پھسلنے کے باعث بند روڈ کی صفائی کیلئے رکھے گئے اور باقی 11 ملین ضلع سوات کی تمام موجودہ سڑکوں کی معمولی مرمت کیلئے رکھے گئے ہیں۔

(ii) PK-85 میں سیلاب سے تباہ شدہ سڑکوں کی مرمت کیلئے اس فنڈ میں سے کوئی پیسے نہیں رکھے کیونکہ یہ فنڈز (AOM&R) معمولی نوعیت کی مرمت کیلئے ہوتے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ اتروڑ اور بشیگرام سڑک کی مکمل بحالی کیلئے ایک الگ جامع اور بڑے منصوبے کی ضرورت ہے جو کہ (AOM&R) کے فنڈ سے ممکن نہیں۔

جناب جعفر شاہ: مهربانی سپیکر صاحب۔ دا سوال نمبر دے اته سوه او دوه شپیتم۔ دیکښې جی، It's okay خو زه وایم چې د Maintenance او د Repair کوم فنډ دے نو په Need basis باندې که دا وشی ځکه چې زه دلته ګورم، زما حلقه کښې د ټولو نه زیات هلته کښې Land sliding کیږی، هلته د مرمت ډیر ضرورت وی او دلته کښې دوئ وائی چې مونږه ورله یوه روپئ هم نه ده ایښودلې نو دا لږه غوندې بې انصافی ښکاریږی نو پارلیمانی سیکرټری صاحب ته به مې دا خواست وی چې دوئ هغوی ته هدایات ورکړی دلته په دې فلور باندې چې دا په Need basis باندې ورکړی چې کومو علاقو کښې یقیناً د مرمت ضرورت وی چې هلته فنډ ورکړی۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، عارف یوسف۔

جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو): جناب سپیکر، یہ اس لئے کہ انہوں نے Maintenance کا پوچھا ہے تو Maintenance میں ٹوٹل انہوں نے 22 ملین رکھے تھے اور جعفر شاہ صاحب کی بات بالکل ٹھیک ہے، وہ 11 ملین جو ہیں وہ برف گلیشئرز وغیرہ اور باقی 11 ملین جو ہیں، وہ

Repair کے ہوتے ہیں، یہ جو روڈ کا ذکر کیا گیا ہے، وہ اتنا بڑا روڈ ہے، اس کے اوپر اگر یہ 22 ملین ٹوٹل بھی لگ جائیں تو وہ نہیں بنتے تو Need basis پر اس کو بالکل ضرور کرتے ہیں، میں اس میں رکھ دیتا ہوں اور Next ADP میں شامل کر دینگے جی۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔ کوئسچن نمبر 863، سید جعفر شاہ۔

* 863 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2010 کے سیلاب سے کالام روڈ، کالام گھیل روڈ، اگرکس روڈ، کالام اور بڑیئے سیرے روڈ مانکیال بری طرح تباہ ہو چکے ہیں اور گزشتہ حکومت نے ان کی بحالی کا کام شروع کیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ فنڈز کی کمی کی وجہ سے مذکورہ سڑکوں کا کام ادھورا رہ گیا ہے اور پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سڑکوں کو پایا تکمیل تک پہنچانے کیلئے کب تک کام شروع کیا جائے گا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (جواب پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے پڑھا): (الف) جی ہاں، مذکورہ سڑکوں پر صوبائی حکومت نے بحالی کا کام کیا ہے ماسوائے کالام روڈ جو کہ NHA کے پاس ہے۔

(ب) مذکورہ بالا سڑکوں کا کام منظور شدہ تخمینہ لاگت کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا ہے ماسوائے کالام روڈ جو کہ NHA کے پاس ہے اور ان سڑکوں کی پختگی (تارکول) منظور شدہ تخمینہ لاگت میں شامل نہیں تھی۔

(ج) اس کا جواب جز (ب) میں دیا گیا ہے۔

جناب جعفر شاہ: مهرباني سپیکر صاحب. اته سوه او درې شپېتم سوال دے. دیکښې جی دي (ب) جز کښې دوئ لیکلي دي چې نور کار به پکښې مونږه نه کوؤ، دا سړکونه زیات داسې دي چې دا لنک روډز دي او په دې باندې په زرګونو خلق ووسیږي نو زما به منسټر صاحب ته او محکمې ته دا ریکویسټ وي چې د دې د پاره د خامخا فنډ کیږدي ځکه چې هغه شته پیسې په دې باندې یو یو کروړ، دوه دوه کروړه روپئ لګیدلي دي نو چې دا کم از کم هغه ځایونو ته ووسي، درې

سړکونه دی، څلور، په هغې باندې مونږه تیر حکومت کښې کار کړے وو، تیر کال او اوس نیمګړی پاتې دی نو عارف صاحب ته زما دا ریکویسټ دے چې د دې هم دوئ هدایت دلته ورکړی، He is as such nice Minister۔

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: بالکل صحیح ده، بالکل دا صحیح ده۔

جناب قائمقام سپیکر: جی آپ Satisfied ؟

جناب جعفر شاہ: او جی، زه مطمئن یم۔

جناب قائمقام سپیکر: کوئسچن نمبر 867، سید جعفر شاہ۔

* 867 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلعی انتظامیہ سوات کی منظوری سے فتح پور تا میاندم سڑک کی پختگی کا کام شروع کیا گیا ہے جو کہ مکمل کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ کی لاگت میں سڑک کے کناروں کی پختگی بھی شامل تھی؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سڑک کے کناروں کی پختگی پر کام کب تک شروع کیا جائے گا؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (جواب پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے پڑھا): (الف) گزشتہ دور حکومت میں مذکورہ سڑک ضلعی ترقیاتی پروگرام میں شامل وفاقی حکومت کی گرانٹ "سوات ڈیویلپمنٹ پیکج" میں تخمینہ لاگت 47.986 ملین روپے کیلئے بذریعہ پراجیکٹ 'اپرول' اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی سال 2010-11 منظور ہوئی تھی۔

(ب) سڑک کی Black Topping ہو چکی ہے اور کناروں کی پختگی تخمینہ لاگت میں شامل نہیں تھی۔

(ج) سڑک کے کناروں کی پختگی اور باقی ماندہ پشتے اور نالیوں کیلئے ایک Revised PC-I بنا کر ضلعی حکومت سوات کو منظوری کیلئے بمورخہ 10-12-2011 کو بھیجا گیا تھا تاہم مذکورہ تخمینہ لاگت منظور نہ ہو سکا اور اسی دوران سوات ڈیویلپمنٹ پیکج کی مدت تکمیل بھی اختتام پذیر ہو گئی۔

جناب جعفر شاہ: جی مهربانی سپیکر صاحب۔ دوئ دا لیکلی دی، 867 دے کنه جی؟

Mr. Acting Speaker: 867.

جناب جعفر شاہ: چې دغه سړک چې د کوم سړک په غاړه چې دا کومې نالئ دی او د هغې کوم ایډیشنل کناري دی، غاړي دی نو دوئ وائی چې دا په دې بجټ کښې، سوات ډیویلپمنټ پیکج کښې نه وو شامل، یقیناً چې نه وو شامل پکښې خو جی زه دا وایم چې هغه د یو نمونې سړک جوړ شوے دے، زه په دې فلور باندې دا خبره کوم.It's one of the model road in the entire Province او زه وایم که د دې د پاره پکښې سپیشل فنډ ایښودلے شی، دا میاندم یو سیاحتی مقام دے نو دغه غاړي چې ورته مونږ پخې کړو سیمنټو باندې، ډیره کمه خرچه به پرې راځی نو د هغې روډ به ډیر پائیدار وی او خلقو ته به ترې ډیره فائده وی نو دا به مې ریکویسټ وی منسټر صاحب ته۔

جناب قائمقام سپیکر: جی عارف یوسف۔

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: ٹھیک ہے سر، اس کو پہلے جو روڈ بنایا گیا تھا، وہ تقریباً۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: ایک منٹ، سردار نلوٹھا صاحب کا بھی سپلیمنٹری کوئسچن ہے میرے خیال میں۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، یہ جب سے سڑکوں کے کنارے بنانے کی حکومت نے کوئی منظوری دی اور اس وقت سے جو روڈ قلی تھے، وہ ختم کر دیئے تھے اور جب بھی کوئی روڈ قلی ریٹائرڈ ہوتا تھا تو اس کی Post abolish ہو جاتی تھی۔ اب یہ روڈ کے کنارے بھی ٹھیکیدار نہیں بناتا یا محکمہ نہیں بنواتا اور روڈ قلی کی پوسٹ بھی ختم ہو گئی ہے تو منسٹر صاحب سے میں چاہوں گا کہ ذرا اس کی وضاحت کر دیں چونکہ سارے روڈز، کروڑوں روپیہ ضائع ہوتا ہے، روڈ قلی کتنی تنخواہ لیتا ہے اور اس کا اس کے اوپر کتنا خرچہ آتا ہے اور یہ کنارے بھی آپ اگر چاہیں تو میں آپ کو وزٹ اپنے علاقے میں کراؤنگا، جو نئے روڈز بنے ہیں، ان کے بھی یہ کنارے نہیں بنائے گئے ہیں، اس لئے یہ روڈ قلی کی پوسٹ کو بحال کیا جائے اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، عارف یوسف صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو: سر، یہ جو کوئسچن میں انہوں نے پوچھا تھا سوات ڈیویلپمنٹ پیکج، یہ سر، One time grant تھی، یہ دوبارہ ہمیں نہیں ملی، یہ صرف ایک ہی ٹائم گرانٹ تھی اور جتنا روڈ بننا تھا، اس سے ڈبل بنایا تھا۔ اور نگزیب صاحب نے جیسے فرمایا ہے کہ بعض جگہوں پر روڈ کے کنارے نہیں بنا رہے، اگر وہ ان کے پی سی ون میں موجود ہے اور اگر وہ اس کے غلط بنا رہے ہیں تو بالکل آپ ہمیں نشاندہی کریں، ہم ان کا پتہ کریں گے اور ان کو ڈیپارٹمنٹل جو بھی ان کے خلاف ہوگا ہم کریں گے۔ ان کے لائسنس ہیں، وہ بھی منسوخ کریں گے اور مکمل ان کے خلاف کارروائی کریں گے۔ شکریہ جی۔

جناب قائمقام سپیکر: جعفر شاہ صاحب! مطمئن ہیں آپ؟

جناب جعفر شاہ: جی، میں مطمئن ہوں۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ۔

اراکین کی رخصت

جناب قائمقام سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب امجد خان آفریدی صاحب 21-01-2014 کیلئے؛ سلطان محمد خان صاحب 21-01-2014 کیلئے؛ جناب حبیب الرحمان صاحب 21-01-2014 و 22-01-2014 کیلئے؛ مسماۃ رومانہ جلیل صاحبہ ایم پی اے 21-01-2014 و 22-01-2014 کیلئے اور جناب عبیداللہ مایار صاحب 21-01-2014 کیلئے؛ خالد خان صاحب ایم پی اے 21-01-2014 کیلئے؛ جناب سمیع اللہ علیزئی صاحب ایم پی اے 21-01-2014 کیلئے؛ جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ 21-01-2014 کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Acting Speaker: The leave is granted.

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی، سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، د پرونئ ورځې لاء اینډ آرډر په حواله باندې چې کوم ډسکشن شوے وو او بیا منسټر صاحب، منسټر

انفارمیشن ډیره زیاته ښه خبره کړي وه چې دا ټول هاؤس چې دے، هغه د صوبائی حکومت له اختیار ورکړی، هغوی د بیا حکومت له اختیار ورکړی چې دې صوبه کښې د امن و امان په حواله باندې چې څومره هله ځله، څومره کوشش چې دے، هغه حکومت کولے شی۔ بیا زمونږ اپوزیشن هم حکومت ته دا ایشورنس ورکړو، منسټر صاحب پرون دا خبره کړې وه چې نن ئې ورځ ئے یاده کړې وه چې بیا به ټول کښینو او قرارداد چې دے، هغه به متفقه (طور) باندې ډرافټ کړو نو ما وئیل چې سپیکر صاحب! یو خو منسټر صاحب ته، حکومت ته دا یاده کړم، پکار دا ده چې مونږ کښینو او هغه قرارداد چې دے، د هغې ډرافټنګ وکړو ځکه چې دا ډیره زیاته اهمه مسئله ده او ډیره اهمه خبره ده نو ستاسو به هم ډیره زیاته مهربانی وی که په دې حواله باندې یو شو۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، مسٹر شاہ فرمان صاحب، شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ چونکہ آج سردار حسین بابک صاحب نے بات بالکل صحیح کی اور ہے بھی ایسا، آج 'پرائیویٹ ممبر زڈے' اور بہت سارے سوالات، بلزاور ریزولیوشنز ان کی طرف سے (ہیں)، تو اگر یہ چاہتے ہیں کہ ابھی کرلیں تو تین تین بندے بٹھالیں، اگر یہ ابھی چاہتے ہیں اور اگر یہ چاہتے ہیں کہ کل Probably is the last day، کی تسلی سے، میرا کل کا جو مقصد تھا، وہ یہ تھا کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہ رہ جائے کہ جو دوبارہ ہم اس کے اوپر ڈیبیٹ کریں جی کہ آپ نے یہ کہا تھا، میں نے یہ کہا تھا، میں نے کہا ٹائم ہو ہمارے پاس لیکن اس وقت یہ کر سکتے ہیں کہ تین تین بندوں کی کمیٹی تو بنا سکتے ہیں تو اگر یہ Agree کرتے ہیں کہ ابھی بیٹھ جائیں اور اس کے اوپر کرلیں یا اگر کل سیشن شروع ہونے سے پہلے اس کمیٹی کو بلا کے اور Finalize کر کے ریزولیوشن پاس کرائیں، جیسے ان کی مرضی۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، زما خیال دا دے چې دا دومره زیاته Complicated خبره نه ده او په صوبه کښې چې کوم صورتحال دے، د هغې نه حکومت هم خبر دے، د هغې نه اپوزیشن هم خبر دے او بیا خبره هم ډیره زیاته Simple ده۔ ظاهره خبره ده، دا هاؤس چې دے، دا One twenty four چې کوم ممبرز دی، دا د دې صوبې د ټولو نه لویه جرګه ده، لویه جرګه، دا د دې صوبې

نمائندہ جرگہ دہ او زما یقین دا دے ، دا خو ډیرہ زیاتہ اسانہ خبرہ دہ، پہ دیکښې خو زیات نہ زیات لس منټہ لګی چې مونږہ دا قرارداد چې دے ، هغہ ډرافټ کړو او دا ټول هاؤس چې دے ، دې حکومت لہ اختیار ورکړو او یواځې دا اختیار چې دے ، هغہ مونږہ حکومت تہ نہ پریږدو پہ دې مشکل کښې، پہ دې مسئلہ کښې، څنګہ چې پرون هم زمونږ د Opposition colleagues خبرہ کړې دہ چې کہ حکومت څنګہ هم غواړی د دې مسئلې حل، دا کہ دوئ ګنړی چې پہ مذاکراتو کښې د هغہ مسئلې حل دے او دا کہ دوئ ګنړی چې پہ کارروایئ کښې د مسئلې حل دے نو اپوزیشن چې دے د یوې خبرې نہ وروستو کیږی نہ، حکومت سرہ بہ شا پہ شا ولاړ وی ان شاء اللہ، مټ پہ مټ بہ ورسرہ ولاړ وی نو زما بہ ریکویسټ دا وی چې لس منټہ پرې لګی، مونږ بہ دا قرارداد ډرافټ کړو او د دې هاؤس نہ بہ ئے پاس کړو نو زما یقین دا دے چې دا بہ ډیرہ زیاتہ مناسبہ خبرہ وی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی، نگہت اورکزئی صاحب۔

محترمہ نگہت اورکزئی: یہ Relevant مسئلہ ہے تو Relevant مسئلے پہ میں ان کو سپورٹ کروں گی کہ کل جو ہم لوگوں نے بات کی ہے اور اتنی لمبی چوڑی لاء اینڈ آرڈر کے بارے میں بات ہوئی ہے کہ ہم سارا اختیار آپ کو دیتے ہیں اور اس اپوزیشن کی طرف سے، چونکہ تمام لوگ امن چاہتے ہیں اور ہم سب امن چاہتے ہیں اپنے صوبے کیلئے، اپنے وطن کیلئے تو اس میں اگر آج ہی، مطلب پانچ چھ سات لائنوں کی یہ قرارداد ہی ہے، تو وہ آپ کو سارا اختیار دیتے ہیں، آپ امن لے کر آئیں، مذاکرات کے ذریعے لاتے ہیں، جو بھی طریقہ Adopt کرتے ہیں کیونکہ اب لاشیں اٹھانا ہمارے بس کی بات نہیں رہی ہے اور جناب سپیکر صاحب، ایک دوسرا بہت ہی Important جو میرا ایک، آپ سے میری درخواست ہے کہ 'کوئسچنز آور' جو ہے، وہ ایک گھنٹے کا ہوتا ہے، جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ ہم ڈیڑھ گھنٹہ بھی بعض اوقات 'کوئسچنز آور' میں گزار لیتے ہیں، دو گھنٹے بھی گزار لیتے ہیں۔ سر، یہ ہاؤس جو ہے تو ہاؤس کو کسی طریقے سے چلنا چاہیئے، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ یہاں پہ ہمارا اسٹاف جو ہے، وہ صبح آٹھ بجے آتا ہے اور سر، یہ رات کو نو بجے اور دس بجے اپنے گھر جاتے ہیں اور نو، دس بجے جب یہ گھر جاتے ہیں اور ہائی کورٹ نے یہ باقاعدہ اپنے لوگوں

